سوال

کیا اقامت کا جواب دینا اور ''اقامہا اللہ وادامہا'' کہنا درست ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم بعض لوگوں سے سنتے ہیں کہ وہ اقامت کے بعد یہ الفاظ کہتے ہیں: (أَقَامَهَا اللّٰهُ وَأَدَامَهَا) تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بارے میں ایک حدیث میں آیا ہے کہ جب مؤذن (قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ) کہتا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے تھے:

((أَقَامَهَا اللّٰهُ وَأَدَامَهَا)) (سنن ابی داود، الصلاة، باب ما یقول اذا سمع الاقامة، ح: ۵۲۸ والسنن الکبری للبیہقی: ۱/ ۴۱۱ وقال الحافظ فی التلخیص: ۱/ ۲۱۱ ضعیف، وضعفہ الالبانی فی الارواء: ۱/ ۲۵۸۔)

''اللہ تعالیٰ اسے قائم ودائم رکھے۔''

لیکن یہ حدیث ضعیف اور ناقابل استدلال ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 251